**نوٹ:** ہر سوال کے چار ممکنہ جوابات A، B، C اور D دیے گئے ہیں۔ جوابی کاپی پر ہر سوال کے سامنے دیے گئے دائروں میں سے درست جواب کے مطابق متعلقہ دائرہ کو مارکر یا پین سے بھر دیجیے۔ ایک سے زیادہ دائروں کو پُر کرنے یا کاٹ کر پُر کرنے کی صورت میں مذکورہ جواب غلط تصور ہوگا۔

سوال نمبر 1: 5

1- میر انیس کہاں پیدا ہوئے؟
(A) لکھنؤ میں (B) لاہور میں (C) فیض آباد میں (D) دلی میں

2- شاعر دلاور فگار کب پیدا ہوئے؟
(A) 1929ء میں (B) 1930ء میں (C) 1931ء میں (D) 1932ء میں

3- رشید احمد صدیقی نے خط میں کس کے سانحہ رحلت کا ذکر کیا ہے؟
(A) مولانا ضیاء احمد (B) بیگم ڈاکٹر محمد حسن (C) سید بشیر الدین (D) بیگم سید بشیر الد

4- سبق "نام دیو" کے مطابق درجہ کمال تک پہنچنے کے لیے ضروری ہے:
(A) جدوجہد (B) صلاحیت (C) خوش بختی (D) وسائل کا ہونا

5- چغل خور کو چغل خور کہیں تو وہ:
(A) لڑ پڑتا ہے (B) بھاگ جاتا ہے
(C) ناراض ہو جاتا ہے (D) شرمسار ہو جاتا ہے

6- جب لڑکی ریلوے سٹیشن پہنچی تو گاڑی آنے میں کتنی دیر تھی؟ (A) پندرہ منٹ (B) آدھا گھنٹا (C) ایک گھنٹا (D) چند منٹ

7- مصنف سبق "مجھے میرے دوستوں سے بچاؤ" جس کمرے میں ٹھہرے اس کی کھڑکی کھلتی تھی:
(A) باغ میں (B) میدان میں (C) پائیں باغ میں (D) دریا کی سمت

8- سید احمد بریلوی اور شاہ اسمٰعیل کب شہید ہوئے؟
(A) 1821ء میں (B) 1831ء میں (C) 1841ء میں (D) 1857ء میں

9- واحد متکلم کی مثال ہے:
(A) ہم (B) تم (C) میں (D) وہ

10- اسم کی استعمال کے لحاظ سے کتنی قسمیں ہیں؟
(A) دو (B) تین (C) چار (D) پانچ

11- "اسلام" کا درست تلفظ کیا ہے؟
(A) آسلَام (B) اِسْلَام (C) اُسْلَام (D) آسَّلَام

12- "حلال" کا درست تلفظ کیا ہے؟
(A) حِلال (B) حَلَال (C) حُلَال (D) حِلّال

13- "تم کھاؤ" گرامر کی رو سے کیا ہے؟
(A) فعل امر (B) فعل نہی (C) فعل لازم (D) فعل متعدی

14- یہ مصرع کس شاعر کا ہے؟ "ہلالِ عید کی گردوں پہ آمد آمد ہے"
(A) اقبال (B) حفیظ جالندھری (C) عبدالمجید سالک (D) حالی

15- نظم "بہادر بچے" کے مطابق کشتی کہاں ٹھہری ہے؟
(A) دریا میں (B) ساحل پر (C) منجدھار میں (D) لہروں پر

eduvision.edu.pk

# فیصل آباد بورڈ 2019ء (پہلا گروپ)

رول نمبر (ہندسوں میں) __________ رول نمبر (لفظوں میں) __________ دستخط نائب ناظم امتحان: __________

وقت: 2:10 گھنٹے **انشائی طرز (حصہ اول)** کل نمبر: 60

**سوال نمبر2: درج ذیل نظم وغزل کے اشعار کی تشریح کیجیے۔ (تین اشعار حصہ نظم سے اور دو اشعار حصہ غزل سے):** 10

**﴿حصہ نظم﴾**

(i) نظام آسمانی ہے اُسی کی حکمرانی سے — بہار جاودانی ہے اُسی کی باغبانی سے
(ii) پانی تھا آگ، گرمی روزِ حساب تھی — ماہی جو سیخ موج تک آئی، کباب تھی
(iii) یہ سماں اور اک قوی انسان، یعنی کاشت کار — ارتقا کا پیشوا، تہذیب کا پروردگار
(iv) آس پاس اس کے جو بستے ہیں نہ ان کی پوچھیے — جس قدر رویراں ہے یہ، ہیں اس قدر وہ خستہ حال

**﴿حصہ غزل﴾**

(v) روح کو بھی مزا محبت کا — دل کی ہمسائگی سے ملتا ہے
(vi) بات یہ ہے کہ سکونِ دلِ وحشی کا مقام — کنجِ زنداں بھی نہیں وسعتِ صحرا بھی نہیں
(vii) جو جھیل گئے ہنس کے کڑی دھوپ کے تیور — تاروں کی خنک چھاؤں میں وہ لوگ چلے ہیں

## (حصہ دوم)

**سوال نمبر3: درج ذیل نثر پاروں کی تشریح کیجیے۔ سبق کا عنوان، مصنف کا نام اور خط کشیدہ الفاظ کے معانی بھی لکھیے:** 5 ، 5

(ا) حد یہ ہے کہ پرسوں وہ رحلت فرما گئے اور ان کے سیکڑوں دوستوں اور قدر دانوں کو اس سانحۂ ارتحال کی خبر تک نہ ہوئی۔ افسوس اتنا بڑا صاحب کمال ہم میں سے اٹھ جائے اور اس کی سناوٗنی ہم تک نہ پہنچے۔ کتنے بے خبر ہیں ہم لوگ! زندہ قوموں کا یہ شعار نہیں ہوتا کہ اپنے اہل کمال سے غافل ہو جائیں۔ ایسی غفلت مجرمانہ ہوتی ہے۔ شاید یہ ہماری غفلت ہی کی سزا ہے کہ مرزا صاحب کو یوں ایکا ایکی ہم سے چھین لیا گیا۔

(ب) ہر شخص میں قدرت نے کوئی نہ کوئی صلاحیت رکھی ہے، اس صلاحیت کو درجہ کمال تک پہنچانے میں ساری نیکی اور بڑائی ہے۔ درجہ کمال تک نہ کبھی کوئی پہنچا ہے نہ پہنچ سکتا ہے لیکن وہاں تک پہنچنے کی کوشش ہی میں انسان، انسان بنتا ہے۔ یہ سمجھو کندن ہو جاتا ہے۔ حساب کے دن جب اعمال کی جانچ پڑتال ہوگی، خدا یہ پوچھے گا کہ میں نے جو استعداد تجھ میں ودیعت کی تھی، اسے کمال تک پہنچانے اور اس سے کام لینے میں تو نے کیا کیا اور خلق اللہ کو اس سے کیا فیض پہنچایا؟

**سوال نمبر4: درج ذیل میں سے کوئی سے پانچ سوالات کے مختصر جوابات لکھیے:** 10

(i) اُردو شعراء نے ہر دور میں عید الفطر کو موضوعِ سخن کیوں بنایا؟
(ii) مصنف سجاد حیدر یلدرم پر فقیر کی تقریر نے کیا اثر کیا؟
(iii) میر صاحب اور ان کی بیوی سیدانی بی کس بات سے زیادہ خوش تھے؟
(iv) علی بخش کو ایک مربع زمین کہاں اور کیوں الاٹ ہوئی؟
(v) حکیم محمد سعید کے سفر ترکی میں جمعۃ المبارک کا آدھا آدھا خطبہ کن دو زبانوں میں دیا گیا؟
(vi) شاعر جوش ملیح آبادی نے کسان کے گھر لوٹنے کی جو تصویر کشی کی ہے۔ اُسے دو سطروں میں لکھیے۔
(vii) نظم شاعر دلاور فگار نے ''نیا گل کھلانے'' کا ذکر کر کے کس طرف اشارہ کیا ہے؟
(viii) تھے کتنے ستارے کہ سرِ شام ہی ڈوبے — ہنگامِ سحر کتنے ہی خورشید ڈھلے ہیں — اس شعر میں ''خورشید ڈھلے ہیں'' سے کیا مراد ہے؟

**سوال نمبر5: کسی ایک سبق کا خلاصہ لکھیے۔** (i) پرستان کی شہزادی (ii) چغل خور 5

**سوال نمبر6: درج ذیل عنوانات میں سے کسی ایک پر مضمون لکھیے۔** (i) برسات کا موسم (ii) شہری اور دیہاتی زندگی (iii) عیدین 15

**سوال نمبر7: درج ذیل عبارت کو غور سے پڑھیے اور آخر میں دیے گئے سوالات کے جوابات تحریر کیجیے۔** 10

قائداعظم رحمۃ اللہ علیہ ہمیشہ سے ایماندار، باہمت، نڈر اور مستقل مزاج انسان تھے۔ ان کا دامن لالچ اور ہوس سے پاک تھا۔ وہ کسی جج یا ساتھی وکیل سے بھی اپنی شان کے خلاف کوئی لفظ سننا پسند نہیں کرتے تھے۔ نامساعد حالات میں گھبراتے نہیں تھے اور نہ کبھی دغا اور فریب سے کام لیتے تھے۔ ان کی سیاست صاف ستھری اور پاکیزہ تھی۔ وہ سیاسی مقاصد حاصل کرنے کے لیے توڑ پھوڑ اور خلاف قانون اقدامات کے سخت مخالف تھے۔ جس بات کو حق سمجھتے، اس کے بارے میں کسی سے سمجھوتہ نہیں کرتے تھے۔ اور نہ ہی مصلحت کوشی سے کام لیتے تھے۔ خوش پوشی کا انھیں بے حد شوق اور سلیقہ تھا جو آخر تک قائم رہا۔ ہندوستان کے کتنے ہی وائسرایوں نے ان کی خوش پوشی کی تعریف کی۔ ان کی زندگی کے آخری چند سالوں میں ان کی شہرت بامِ عروج پر پہنچ گئی تھی۔ پاکستان کا قیام ان کا عظیم کارنامہ ہے۔

سوالات: (i) قائداعظم رحمۃ اللہ علیہ کس قسم کے انسان تھے؟ (ii) قائداعظم رحمۃ اللہ علیہ کا سیاسی رویہ کس قسم کا تھا؟
(iii) قائداعظم رحمۃ اللہ علیہ کا عظیم کارنامہ کون سا ہے؟ (iv) ہندوستان کے وائسرایوں نے قائداعظمؒ کے کس وصف کی تعریف کی ہے؟
(v) اس عبارت کا موزوں عنوان تجویز کیجیے۔

eduvision.edu.pk

**نوٹ:** ہرسوال کے چار ممکنہ جوابات A، B، C اور D دیے گئے ہیں۔ جوابی کاپی پر ہرسوال کے سامنے دیے گئے دائروں میں سے درست جواب کے مطابق متعلقہ دائرہ کو مارکر یا پین سے بھر دیجیے۔ ایک سے زیادہ دائروں کو پُر کرنے یا کاٹ کر پُر کرنے کی صورت میں مذکورہ جواب غلط تصور ہوگا۔

سوال نمبر 1: 15

1- استنبول ایک مشہور شہر ہے: (A) جاپان کا (B) ایران کا (C) ترکی کا (D) چین کا

2- علامہ اقبالؒ کون سا پھل پسند کرتے تھے؟ (A) انگور (B) لوکاٹ (C) آم (D) خوبانی

3- قدرت اللہ شہاب ڈپٹی کمشنر رہے: (A) لاہور (B) اوکاڑہ (C) جھنگ (D) ملتان

4- سیدانی بی کو کھانے میں مرغوب تھا: (A) زردہ (B) بونٹ پلاؤ (C) فیرنی (D) بریانی

5- کانگریس کب قائم ہوئی؟ (A) 1885ء میں (B) 1886ء میں (C) 1895ء میں (D) 1906ء میں

6- پروگرام "دانش کدہ" میں کتنے دانشور بلائے جاتے تھے؟ (A) دو (B) تین (C) چار (D) سات

7- اب انسان کو کس کا عرفان حاصل ہوگا؟ (A) خداتعالیٰ کا (B) انسان کا (C) کائنات کا (D) ان سب کا

8- "مدرسہ" کا درست تلفظ ہے: (A) مَدْرَسَہ (B) مِدْرَسْہ (C) مُدِرسَہ (D) مِدْرَسَہ

9- "اخلاق" کا درست تلفظ ہے: (A) آخْلاَق (B) اِخلاَق (C) اُخُلاَق (D) آخَلاَق

10- "ہفتہ" قواعد کی رو سے ہے: (A) اسم مکبر (B) اسم صوت (C) ظرف زماں (D) ظرف مکاں

11- "چلنا" گرامر کی رو سے ہے: (A) مصدر متعدی (B) مصدر مرکب (C) مصدر لازم (D) مصدر مفرد

12- "لنگڑا" گرامر کی رو سے ہے: (A) کنیت (B) لقب (C) خطاب (D) عرف

13- کون سی چیز راحت فزا ہو گئی ہے؟ (A) رنج (B) مصیبت (C) ناکامی (D) حسرت

14- شاعر نے فاطمہ کو حور کہا ہے: (A) صحرائی (B) ارضی (C) آسمانی (D) جنتی

15- رن کی زمین سرخ تھی اور آسمان تھا: (A) سبز (B) نیلا (C) زرد (D) سرخ

eduvision.edu.pk

# فیصل آباد بورڈ 2019ء (دوسرا گروپ)

رول نمبر (ہندسوں میں) __________ رول نمبر (لفظوں میں) __________ دستخط نائب ناظم امتحان: __________

وقت: 2:10 گھنٹے **انشائی طرز (حصہ اول)** کل نمبر: 60

**سوال نمبر 2: درج ذیل نظم وغزل کے اشعار کی تشریح کیجیے۔ (تین اشعار حصہ نظم سے اور دو اشعار حصہ غزل سے):** 10

**﴿حصہ نظم﴾**

(i) وہی خالق ہے دل کا اور دل کے نیک ارادوں کا — وہی مالک ہمارا اور ہمارے باپ دادوں کا
(ii) یہ کلی بھی اس گلستانِ خزاں منظر میں تھی — ایسی چنگاری بھی یارب اپنی خاکستر میں تھی!
(iii) سوچتا رہتا ہوں کب میرے وظیفے کی طرح — اس کی بدحالی کا آتا ہے حکومت کو خیال
(iv) اڑتی تھی خاک، خشک تھا چشمہ حیات کا — کھولا ہوا تھا دھوپ سے پانی فرات کا

**﴿حصہ غزل﴾**

(v) جو جھیل گئے ہنس کے کڑی دھوپ کے تیور — تاروں کی خنک چھاؤں میں وہ لوگ چلے ہیں
(vi) روح کو بھی مزا محبت کا — دل کی ہمسائگی سے ملتا ہے
(vii) مصیبت بھی راحت فزا ہو گئی ہے — تری آرزو رہنما ہو گئی ہے

## (حصہ دوم)

**سوال نمبر 3: درج ذیل نثر پاروں کی تشریح کیجیے۔ سبق کا عنوان، مصنف کا نام اور خط کشیدہ الفاظ کے معانی بھی لکھیے:** 5 ، 5

(الف) میں ایسے محبت آمیز اصرار پر انکار کیسے کرسکتا تھا؟ مختصر سامان پڑھنے لکھنے کا لے کر میں ان کے ساتھ ہولیا۔ ایڈیٹر معارف سے وعدہ کر چکا تھا کہ ایک خاص عرصے میں ان کی خدمت میں ایک مضمون بھیجوں گا۔ شاکر صاحب کی کوٹھی پر پہنچ کر میں نے وہ کمرا دیکھا، جو میرے لیے تیار کیا گیا تھا۔ اس کی کھڑکی پائیں باغ کی طرف کھلتی تھی اور ایک نہایت ہی دل فریب نیچرل منظر میری آنکھوں کے سامنے ہوتا تھا۔

(ب) انگریزوں کے علمی ذوق کی مدح و ستائش بہت کی جاتی ہے۔ پروفیسر ولیم راجرز نے اپنی مشہور تصنیف توپ کاپی میں یہ گلہ کیا ہے کہ انگریزوں نے بہت سے مسلم اداروں اور خاص طور پر بیت الحکمت کا ذکر تو ضرور کیا ہے لیکن توپ کاپی کو نظر انداز کر دیا۔

**سوال نمبر 4: درج ذیل میں سے کوئی سے پانچ سوالات کے مختصر جوابات لکھیے:** 10

(i) شدھی اور سنگھٹن کی تحریکوں کے مقاصد کیا تھے؟
(ii) گھر والوں نے عقیل کو ساتھ لے جانے کا مشورہ دیا تو اس پر لڑکی نے کیا جواب دیا؟
(iii) عیدالفطر کا ہماری تہذیبی اور دینی زندگی سے کیا تعلق ہے؟
(iv) بارش کم ہونے کے باوجود نام دیو مالی کا چمن ہرا بھرا تھا۔ کیوں؟
(v) کسان نے چغل خور کو کن شرائط پر ملازم رکھا؟
(vi) شاعر نے مینہ برسنے کے بعد مال گودام روڈ کی کیا حالت بیان کی ہے؟
(vii) ''حمد'' میں خالق کی کن کن مخلوقات کا ذکر کیا گیا ہے؟
(viii) علی بخش کو ایک مربع زمین کہاں اور کیوں الاٹ ہوئی؟

**سوال نمبر 5: کسی ایک سبق کا خلاصہ لکھیے۔** (i) نظریہ پاکستان (ii) چغل خور 5

**سوال نمبر 6: درج ذیل عنوانات میں سے کسی ایک پر مضمون لکھیے۔** (i) شہری اور دیہی زندگی (ii) علامہ محمد اقبالؒ (iii) دہشت گردی 15

**سوال نمبر 7: درج ذیل عبارت کو غور سے پڑھیے اور آخر میں دیے گئے سوالات کے جوابات تحریر کیجیے۔** 10

پنجاب کی حد اُن دنوں میں غزنی تک پھیلی ہوئی تھی اور راجہ یہاں کا جے پال تھا۔ جب مسلمانوں کے قدم آگے بڑھتے معلوم ہوئے تو اس نے غزنی پر ایک بھاری فوج سے چڑھائی کی چنانچہ دفعتاً ملغان پر جا کر ڈیرے ڈال دیے اور پشاور سے کابل تک برابر لشکر پھیلا دیا۔ ادھر سے سبکتگین بھی نکلا۔ چنانچہ دونوں فوجیں آمنے سامنے پڑی تھیں اور ایک دوسرے کی پیش دستی کی منتظر تھیں کہ دفعتاً آسمان سے گولے پڑنے لگے یعنی بے موسم برف گرنی شروع ہوگئی۔ وہ لوگ تو برف کے کیڑے تھے انھیں خبر بھی نہ ہوئی۔ ہندوستانی بے چارے اپنے لحاف اور رضائیاں ڈھونڈنے لگے مگر وہاں رضائی کا گزارا کہاں، سیکڑوں اکڑ کر مر گئے، ہزاروں کے ہاتھ پاؤں رہ گئے جو بچے ان کے اوسان جاتے رہے۔

**سوالات:** (i) کس زمانے میں پنجاب کی حدود غزنی تک پھیلی ہوئی تھی؟ (ii) جے پال کون تھا اور سبکتگین کے بارے میں آپ کیا جانتے ہیں؟
(iii) ''وہ لوگ تو برف کے کیڑے تھے'' کون برف میں رہنے کے عادی تھے؟
(iv) وہاں رضائی کا گزارہ کیوں نہیں تھا؟ (v) جے پال اور سبکتگین میں جنگ کیوں نہ ہوئی؟

eduvision.edu.pk